# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 26 May-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 26 / مئی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں اوسطاً 61 فیصد رائے دہی۔

☆ گجرات کے راجکوٹ میں گیم زون میں آتشزدگی‘ 26 افراد کی موت۔

☆ پونا کار حادثے کے نابالغ ملزم کے دادا کو 28 مئی تک پولس کسٹڈی میں رکھنے کا حکم۔

☆ ریاستی ثانوی بورڈ کے جماعت دہم کے نتائج کا اعلان پیر کو۔

اور۔۔ ☆ عالمی تیراندازی مقابلوں میں بھارتی خواتین کی ٹیم کو طلائی تمغہ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کی رائے دہی گذشتہ روز عمل میں آئی۔ 8 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کی 58 نشستوں کیلئے رائے دہی کا تناسب تقریباً 61 / فیصد رہا۔ اتر پردیش کی 14، ہریانہ 10، بہار اور مغربی بنگال کی 8-8، دہلی 7، اڑیسہ 6، جھارکھنڈ 4 اور جموں وکشمیر کے ایک حلقے میں کل رائے دہی ہوئی۔ اڑیسہ اسمبلی کی 41 نشستوں کیلئے بھی کل ووٹ ڈالے گئے۔

***** ***** *****

دارالحکومت دہلی میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکڑ، دہلی کے وزیرِاعلیٰ اروند کیجریوال، کانگریس کی سینئر قائد سونیا گاندھی، راہول گاندھی، پرینکا گاندھی، وزیر خارجہ جے شنکر، چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار، داخلہ سیکریٹری اجے بھلّا سمیت متعدد اہم شخصیات نے بھی اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں 8 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کی 57 نشستوں کیلئے آئندہ یکم جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ انتخابات کے تمام ہی مراحل کے ووٹوں کی گنتی 4 / جون کو عمل میں آئے گی۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قائداوروزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انتخابات ،جمہوریت کا ایک بڑا جشن ہے اور آنے والی نسلوں میں جمہوریت کی قدروں کواجاگر کرنے کا ایک موقع ہے۔کل ڈی ڈی نیوز کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومت یاسیاسی جماعتوں کو اپنے کام کا حساب عوام کو دینا چاہئے۔

***** ***** *****

ووٹ ڈالنے کے عمل میں روکاوٹ ڈالے جانے اورالیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں چھیڑ چھاڑ کی کوشش کرنے کی چند پرانی ویڈیوزعوامی رابطے کی ویب سائٹس پر زیرگردش کررہی ہیں۔ریاست کے چیف انتخابی افسر دفتر کی جانب سے وضاحت کی گئی ہے کہ یہ ویڈیوزمہاراشٹر کی نہیں ہیں۔مہاراشٹر میں لوک سبھا انتخابات کیلئے رائے دہی کا عمل مکمل طور پر پرامن اورنظم وضبط کے ساتھ مکمل کیا گیا۔

***** ***** *****

گجرات کے راجکوٹ میں کل شام ایک گیم زون میں بھیانک آتشزدگی میں 9 بچوں سمیت 26 افراد کی موت واقع ہوگئی۔اسکولوں کو موسم گرما کی تعطیلات اور ہفتہ کی شام ہونے کے باعث اس گیم زون میں چھوٹے بچوں اوران کے سرپرستوں کا ہجوم تھا۔شام میں اچانک لگی یہ آگ بھیانک روپ اختیار کرگئی اور 26 افرادلقمہ اجل بن گئے۔اس سلسلے میں جاری خبروں میں بتایا گیا ہے کہ لاشیں اتنی زیادہ مسخ ہوچکی ہیں کہ ان کی شناخت کیلئے ڈی این اے ٹیسٹ کروایا جائیگا۔

اس واقع کی جانچ کیلئے خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT قائم کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔گجرات کی ریاستی حکومت نے واقع میں ہلاک ہونے والے افراد کو 4 لاکھ اورزخمیوں کو 50 ہزار روپئے کی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکڑاوروزیراعظم نریندرمودی نے اس حادثے پر شدید رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

پونا کے نابالغ ڈرائیور کے ہاتھوں ہوئے حادثے کے معاملے میں نابالغ ملزم کے دادا سریندر کمار اگروال کو عدالت نے 28 مئی تک پولس کسٹڈی میں رکھنے کا حکم دیا ہے۔ان پر پوتے کے جرم کو ڈرائیور کواپنے سر لینے کیلئے ڈرائیور پر دباؤ ڈالنے اوراغوا کرکے یرغمال بنانے کا الزام ہے۔

دریں اثناء پونا کے اس حادثے کے بعد سے بیشتر شہروں میں ٹریفک مشنری مستعد ہوگئی ہے۔ایوت محل شہر میں ٹریفک پولس نے تیز رفتار گاڑی چلانے والے نابالغ بچوں کے خلاف کاروائی کی مہم شروع کررکھی ہے۔ٹریفک پولس انسپکٹر اجیت راٹھوڑ نے بتایا کہ گاڑی چلانے والوں کے پاس لائسنس نہ ہونے کی صورت میں گاڑی کے مالک پر 50 ہزار روپئے جرمانہ عائد کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

دھولیہ ضلع میں پولس نے 18 برس سے کم عمر کے بچوں کوشراب فروخت کرنے شراب فروشوں کے خلاف کاروائی شروع کررکھی ہے۔اس خصوص میں کل دوشراب کی دوکانوں پر مقدمہ درج کیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مہاراشٹر ریاستی ثانوی اوراعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت مارچ کے مہینے میں منعقدہ جماعت دہم کے امتحانات کے نتائج کل پیر کو دوپہر ایک بجے آن لائن طرز پر جاری کئے جائیں گے۔طلباء یہ نتائج بورڈ کی 6/ویب سائٹس پر دیکھ سکیں گے۔ یہ اطلاع بورڈ کی سیکریٹری انورادھااوک نے دی۔

***** ***** *****

77/ویں کان فلم فیسٹیول میں بہترین اداکارہ کاایوارڈان سویاسین گپتا کوتفویض کیا گیاہے۔کان فیسٹیول میں یہ اعزاز حاصل کرنے والی وہ پہلی بھارتی ہیں۔ بلغاریہ کےفلم سازکونسٹانٹین بوجانوف کےتحریرکردہ اورزیرہدایت بنی فلم ''دی شیم لیس''میں بہترین اداکاری کیلئے سین گپتا کو یہ ایوارڈ دیا گیا۔

***** ***** *****

کل ہند مراٹھی ناٹیہ پریشد کےتجارتی اورتجرباتی ڈراموں کے لئے دیئے جانے والے ایوارڈز کا کل اعلان کردیا گیا۔سنکرشن کرہاڑے کو ان کے ڈرامے ''نیم واٹی لاگو'' کیلئے بہترین ڈرامہ نگاراوربہترین اداکارکاایوارڈ دیاجائیگا۔اسی ڈرامے کے لئے چندرکانت کلکرنی کو بہترین ہدایت کارکاایوارڈ دیاجائیگا۔ڈرامہ ''نیم واٹی لاگور'' کوبہترین کمرشیل ڈرامے کے لئےبھی منتخب کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

بری فوج کےلڑکیوں کے دستے کا کل فوجی سربراہ جنرل منوج پانڈے نے کل اعلان کیا۔12 تا16 برس کی لڑکیوں کوکھیلوں کا فورم فراہم کرنے اورعالمی معیارکی تربیت دینے کے مقصد سے یہ دستہ تشکیل دیا گیا ہے۔ان لڑکیوں کواولمپک میں شامل مختلف کھیلوں کیلئے تربیت دی جائیگی ۔ایک ہزار124 لڑکیوں نے اس کے لئے نام درج کروائے تھے جن میں سے 35 لڑکیوں کاانتخاب کیا گیا ہے۔24 لڑکیوں کو پونا میں اور بقیہ 11 کومدھیہ پردیش کے مہومیں تربیت دی جائیگی۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلع میں کم وبیش ایک لاکھ 92/ہزارکسانوں کے کھاتوں میں فصل بیمہ معاوضے کی رقم جمع کرنے کے عمل کا بیمہ کمپنی کی جانب سے آغاز کردیا گیاہے۔کمپنی کو ہدایت کی گئی تھی کہ اندرون ایک ہفتہ تمام کسانوں کے کھاتوں میں بیمے کی رقم جمع کروائی جائے۔ہمارے نامہ نگار نے بتایاہے کہ جن کسانوں نے شکایات درج کروائی ہے پران کے پنچنامے نہیں ہوئے انہیں بھی معاوضہ دینے کی ہدایت کمپنی کودی گئی ہے۔

***** ***** *****

جنوبی کوریامیں ہوئے عالمی تیراندازی مقابلوں میں بھارتی خواتین کی ٹیم نے طلائی تمغہ حاصل کیاہے۔جیوتی سریکھاوینّم پرنیت کوراور آدیتی سوامی کی ٹیم نے ترکیہ کی خواتین کی ٹیم کوفائنل میں شکست دی تھی۔مکسڈ ڈبلز مقابلوں میں جیوتی اور پریانش کی جوڑی نے کانسے کاتمغہ حاصل کیا۔

***** ***** *****

کوالالمپور میں جاری ملیشین ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کی اولمپک چمپئن پی وی سندھو نے فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔کل ہوئے سیمی فائنل میں سندھو نے تھائی لینڈ کی کھلاڑی کو21-13، 16-21اور12-21 سے شکست دیکر فائنل میں داخل حاصل کیا۔آج ان مقابلہ فائنل میں چین کی کھلاڑی سے ہوگا۔

***** **** *****

انڈین پریمئرلیگ IPL کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل آج کولکتہ نائٹ رائیڈرس اورسن رائزرس حیدرآباد کے مابین کھیلا جائیگا۔چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم پرآج شام یہ میچ کھیلا جائیگا۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں بجلی تقسیم کارکمپنی مہاوترن کی جانب سے بجلی کے 6لاکھ نئے اسمارٹ میٹرنصب کئے جائیں گے۔ان میں شہر کیلئے تین لاکھ 40ہزار میٹرز بھی شامل ہیں۔

***** **** *****

ریاست میں کل آکولہ میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 45اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔اس کے علاوہ ایوت محل میں 45.5 ، پربھنی 45.2، امراوتی، برہماپوری اوروردھا میں پارہ 44ڈگری تک پہنچا۔

مراٹھواڑہ کے ناندیڑ میں 43اعشاریہ 8، سمبھاجی نگر 42.8اور بیڑ میں 42.1ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

:::::سرخیاں::::::

**اورآخر میں خاص خبروں کی سرخیاں ایک بار پھر:**

☆لوک سبھاانتخابات کے چھٹے مرحلے میں اوسطاً 61فیصد رائے دہی۔

☆ گجرات کے راجکوٹ میں گیم زون میں آتشزدگی؛26افراد کی موت۔

☆ پونا کار حادثے کے نابالغ ملزم کے دادا کو 28 مئی تک پولس کسٹڈی میں رکھنے کا حکم۔

☆ ریاستی ثانوی بورڈ کے جماعت دہم کے نتائج کا اعلان پیر کو۔

اور۔۔ ☆عالمی تیراندازی مقابلوں میں بھارتی خواتین کی ٹیم کو طلائی تمغہ۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** **** *****